© rasailojaraid.com

ہماری نظر میں (جلد اوّل)

ترتیب جناب طالب الہاشمی صاحب صفحات ۵۰۸ - قیمت ۹۵ روپے
ناشر: حسنات اکیڈمی - منصورہ - لاہور -

جناب طالب الہاشمی، بزرگ اہل قلم سو سے زائد کتابوں کے مصنف، علم و ادب، اور تحریر و تصنیف کے منجھے ہوئے شناور اور ملک کے معروف ادیب اور اسلامی مورخ ہیں "ہماری نظر میں" ان کا تازہ ترین تالیفی شاہکار ہے، دراصل اس کتاب کا نام ماہنامہ فاران کراچی کے ایک مستقل سلسلۂ تحریر کا عنوان ہے جسے پرچے کے بانی و مدیر مولانا ماہر القادری مرحوم خود لکھا کرتے تھے وہ اس عنوان کے تحت اپنے موقر جریدہ میں کتابوں پر تبصرہ کیا کرتے تھے موصوف مروجہ تبصروں عمومی قسم کے جملوں اور کتاب کی توصیف و تعریف سے ہٹ کر کتاب کا ایک ایک لفظ پڑھ کے اس کے حسن و قبح پر اظہار خیال کیا کرتے تھے موصوف جس کتاب پر تبصرہ کرتے معلوم ہوتا کہ انہیں اس موضوع پر ماہرانہ گرفت حاصل ہے زبان و بیان کے مختلف اسالیب اور رموز و نکات سے بخوبی آشنا ہیں وہ زیر تبصرہ کتاب کے معایب اور محاسن کا مدلل محاکمہ کرتے تھے ان کے تبصرے فکر انگیز، بے لاگ اور معلومات کا خزینہ ہوتے تھے تنقید و تبصرہ کے معاملہ میں وہ کسی دوست، دشمن سے رو رعایت کے قائل نہ تھے جہاں خوبیوں کی دل کھول کر تحسین کرتے وہاں نقائص پر گرفت بھی سختی سے کرتے۔ یہ تبصرے علم و فن کے قائین اور ارباب ذوق کے لیے درس و استفادہ کے لحاظ سے خاصے کی چیز تھے ہر دور میں ان سے، استفادہ کیا جاسکتا ہے اللہ تعالیٰ اجر جزیل عطا فرما دے معروف اسلامی تذکرہ نگار طالب الہاشمی کو، کہ انہوں نے۔ ان وقیع اور عظیم تبصروں اور علم و فن کے اس شہ پارہ کو مرتب کرکے معلومات کے اس خزینہ کو محفوظ کرکے علمی مطالعاتی تاریخی تحقیقی اور ادبی حلقوں تک پہنچا دیا محترم مرتب اس حسن انتخاب اور حسن ترتیب اور ناشر اس کی اشاعت پر ہدیہ تبریک کے مستحق ہیں اردو ادب اور فن تبصرہ نگاری میں یہ کتاب گرانقدر اضافہ ہے طلبہ ہی نہیں علماء، اساتذہ، ادیب، صحافی اور مورخ اس کتاب کو پڑھیں گے تو ان کی معلومات میں بھی اضافہ ہوگا اور علم و فن کی اصلاح کا استفادہ بھی ہوگا منہگائی کے عروج کے اس دور میں قیمت بھی واجبی ہے۔

الاستفتاء حصہ اوّل و دوم

تالیف: مولانا ابراہیم یوسف باوا رنگونی مدظلہ -
کاغذ: بہترین آرٹ پیپر، کتابت و طباعت، نہایت عمدہ، قیمت: ۲ پونڈ

ناشر: IDARA ISSTRATTON RUAD SLOSTER ENGLAND

حضرت باوا صاحب قابل رشک و مبارک بزرگ ہیں جو کفر و شرک کے اڈے میں بیٹھ کر یکے بعد دیگرے اسلامی اصلاحی و تبلیغی کتب شائع کر رہے ہیں جن کی مساعی تاریخ کی ایک مثال ہیں۔ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ العالی نے

(بقیہ ص۵۵ پر)

© rasailojaraid.com